عملیاتِ کلامِ پاک
شیراز نوری بُک ڈپوئی دہلی

۷۸۶

عملیات کلام پاک

یعنی

عملیات قرآنی

مؤلفہ ومرتبہ

سید القیوم حامل شریعت وطریقت حضرت سید رشید احمد صاحب اجمیری

پبلشرز

شیراز نوری بک ڈپو نئی دہلی

تاثیر کلام اللہ

دل سے جو بات نکلتی ہے اثر رکھتی ہے
پَر نہیں طاقتِ پرواز مگر رکھتی ہے

حکیم الامت حضرت علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ کا یہ شعر حقیقت و صداقت کا آئینہ دار ہے۔ بے سہارا اور پریشان حال انسانوں کی ملتجی نگاہیں جب امداد کے لئے آسمان کی جانب اٹھتی ہیں۔ اور دلی گہرائیوں سے نکلی ہوئی آہیں اور دعائیں فریادی بن کر عرش اعلےٰ پر پہنچتی ہیں تو درِ اجابت کھل جاتا ہے اور رحمت خداوندی جوش میں آکر ان کی دستگیری و مشکل کشائی کرتی ہے۔ اور بگڑی بن جاتی ہے۔

یہ تو تھا بندے کی دعا کا اثر۔ اور جب بندے کی بات کا یہ اثر ہے تو پھر خدا تو خدا ہی ہے۔ اس کے کلام میں کیا کچھ اثر نہ ہوگا۔ خدا کے کلام کا کیا یہ معجزہ کیا کم ہے۔ کہ وہ زبان سے سینہ میں اتر جاتا ہے۔ اور اس کے تیسوں پارے دل میں محفوظ ہو جاتے ہیں۔ اور اس کے پڑھنے اور سننے والے بے خود و سرِ مست ہو جاتے ہیں۔ کلام اللہ کا ہر لفظ اور ہر آیت اپنے اندر بے حد

حساب ظاہری و باطنی محاسن وقور و طاقت رکھتی ہے ۔

بزرگان اسلام نے کلام پاک کی آیات کو موقع پر ہر مصیبت ہر ضرورت اور ہر حاجت کے لئے انہیں آزمایا اور برحق پایا۔ اور اس کلام کی برکت اور اثر سے لاکھوں انسانوں کی بگڑی بنائی ۔

اس کتاب میں ہم نے نہایت محنت و تلاش سے عملیات قرآنی کو جمع کیا ہے ۔ اور ان اوراد کے خواص بیان کئے ہیں تاکہ موجودہ زمانے کے مسلمان اپنے بزرگوں کے قیمتی تجربوں سے فائدہ اٹھا کر اپنی مشکلات کو حل اور ضروریات کو پورا کر سکیں اور بندہ کو دعائے خیر میں یاد رکھیں ۔

" سید شبیر احمد اجمیری "

(۱) دولتمند بننے کا عمل !

تجربہ سے بارہا ثابت ہوا ہے کہ کلمات سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَبِحَمْدِہٖ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہ کو باوضو قبلہ رو ہو کر روزانہ صبح صادق کے طلوع سے لے کر فجر نماز کے پڑھنے کے وقت اندر روزانہ صبح کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان سو مرتبہ پڑھنا انسان کو بہت جلد مال دار بنا دیتا ہے واضح رہے کہ ان کلمات کے اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ کوئی درود شریف جو یاد ہو پڑھ لینا چاہیئے۔

(۲) کشائش رزق کا عمل

جو آدمی بکثرت استغفار پڑھے گا یعنی اپنے اوپر لازم کرے گا تو اللہ تعالیٰ اس کی تنگی کو آسانی سے اور اس کے غم کو خوشی سے بدل دے گا اور اس جگہ سے اس کو رزق پہنچائے گا جہاں سے اس کو گمان بھی نہ ہو گا۔

(۳) دیوانگی دُور کرنے کا عمل

سورہ فاتحہ یعنی الحمد شریف متواتر تین دن صبح شام بکثرت پڑھ کر دیوانے پر تھپکارنے سے انشاء اللہ دیوانگی رفع ہو جائے گی۔

(۴) جنات و بھوت کو رفع کرنے کا عمل

جب کبھی جنات و بھوت وغیرہ ظاہر ہوں یا نظر آویں تو اس وقت

اذان بلند آواز سے کہنی چاہیئے ۔ بفضلہٖ دفع ہو جائیں گے ۔ بعض روایات میں یہ بھی آیا ہے کہ جب جنات ظاہر ہوں تو ان کو دفع کرنے کے لئے بلند آواز سے آیتہ الکرسی پڑھنی چاہیئے :-

(۵) بلا و مصیبت کا عمل

اگر کسی کو کسی بلا یا خوفناک مصیبت کا اندیشہ ہو تو اس کو چاہیئے کہ یہ کلمات بکثرت پڑھے انشاء اللہ جو کچھ بلا و مصیبت ہو گی وہ ٹل جائے گی ۔ حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ عَلَی اللّٰہِ تَوَکَّلْنَا ۔

(۶) اعمال مقبول بنانے کا عمل

جس شخص کی خواہش ہو کہ اس کے اعمال مقبول ہوں اسکے لئے ضروری ہے کہ اکثر یہ آیت پڑھا کرے رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّکَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ۔

(۷) غائب شدہ کو بلانے کا عمل

اگر کوئی شخص غائب ہو جائے اور اس کو واپس بلانے کی خواہش ہو ۔ تو اسی نیت سے فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان چند روز تک روزانہ سورہ فاتحہ اکتالیس بار پڑھنا چاہیئے ۔ وہ غائب حاضر ہو جائے گا ۔

(۸) ہر مرض کے دفعیہ کا عمل ۔

ہر مرض کے دفعیہ کے لئے لکھ کر پہننے کے واسطے آیت ذیل دینا

چاہیئے۔ سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ الرَّحِیْمِ

(۹) ہر بلا سے نجات کا عمل

حضرت نوح علیہ السلام جب کشتی پر سوار ہوئے تو خوف غرق سے بلرساں تھے۔ چنانچہ غرقابیت سے نجات حاصل کرنے کے لئے آپ نے بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖىهَا وَمُرْسٰىهَا پڑھا۔ ان کی کشتی غرق ہونے سے بچ گئی۔ پس جب آدھے کلمہ کے پڑھنے سے نجات حاصل ہوئی۔ تو جو کوئی سارے کلمہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کو ہر کام کے شروع میں پڑھے گا۔ کیوں نہ اس کو مصائب سے نجات اور کام میں فلاح حاصل ہوگی اور آخرت میں بھی نجات ہوگی۔

(۱۰) عمل شفا

ابوہریرہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ فرماتے ہیں۔ جس شخص نے لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ پڑھا یہ اس کیلئے دوا ہے ننانوے امراض کی۔

(۱۱) بخار دُور ہو

جس کو تپ آئے وہ یوں کہے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الْكَبِيْرِ تپ جاتی رہے۔

(۱۲) مرض الموت کا عمل

جس مومن نے آیت لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّىْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ

کو اپنی بیماری میں چالیس مرتبہ پڑھا اور مر گیا اس کو شہید کا اجر ملتا ہے۔ اور اگر اچھا ہو گیا تو اس کے سارے گناہ بخشدیئے جائینگے۔

(۱۳) کثرت احتلام کا عمل

بعض صالحین نے فرمایا ہے کہ جب تو سونے کو بستر پر آئے تو سورہ السماء والطارق یا لفظ ناصر پڑھ کر سو رہے۔ اکثر احتلام جاتا رہیگا۔

(۱۴) نیند کم آنا

ایک شخص سے کسی عالم نے کہا کہ سوتے وقت یہ آیت اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ یٰۤاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا۔ پڑھ لیا کرو کہ تجھے جو نیند کم آتی ہے، پوری آنے لگے۔

(۱۵) بھولے بھٹکے راہ پائیں

جب آدمی راہ بھول جائے تو اذان کہے اللہ تعالٰی اسکو راہ پر پہنچا دیگا۔

(۱۶) جنّ کو دفع کرنے کا عمل

جہاں پر جن ہو وہاں پر کثرت سے اذان ہر وقت کہا کرو۔ پھر جن وہاں پر نہ رہیں گے۔

(۱۷) عمل برائے مصروع

پاک پانی پر سورۂ فاتحہ یعنی الحمد شریف وآیۃ الکرسی اور پانچ آیتیں اول قل اُوحِیَ پڑھ کر اس کے منہ پر مارے اللہ کے حکم سے افاقہ ہو جائیگا اور اگر وہ پانی گھر کے اندر چھڑک دے گا۔ تو آسیب گھر سے نکل جائے گا۔ اور پھر نہ آئے گا۔ مجرب ہے۔

(۱۸) حل مشکلات

ایک روایت میں آیا ہے کہ اگر لا علاج امر در پیش آئے تو یہ کلمات حَسْبِیَ اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ پڑھنے بہت مفید ہیں

(۱۹) ادائے قرض

اگر قرض میں کوئی شخص مبتلا ہو تو اس کو چاہیئے کہ کلمات اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ وَاغْنِنِیْ بِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ بکثرت پڑھے ۔ انشاء اللہ تعالےٰ قرض سے نجات حاصل کرے گا۔

(۲۰) غم دنیا و آخرت سے نجات کا عمل

جو شخص ہر صبح وشام حَسْبِیَ اللّٰہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ سات سات بار پڑھے گا اللہ تعالےٰ اس کو دنیا و

آخرت کے غم سے نجات دے گا۔

(۲۱) حفظ اطفال کا عمل

بچوں کو ہر بلا اور آفت سے محفوظ رکھنے کے لئے اور نظر بد سے بچانے کے لئے اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰهِ مِنْ شَرِّ کُلِّ شَیْطَانٍ وَّھَامَّةٍ وَّمِنْ شَرِّ کُلِّ عَیْنٍ لَّامَّةٍ، لکھ کر بچے کے گلے میں ڈال دیں۔

(۲۲) ننانوے بیماریوں کی دوا

ننانوے بیماریوں کی ایک دوا ہے اور ان میں سے ایک ادنٰی بیماری ہے لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ۔

(۲۳) آندھی کے نقصان سے بچنے کا عمل!

جب آندھی زور سے چلے اور کسی قسم کا نقصان کا خطرہ ہو تو اس وقت معوذتین پڑھنا چاہیئے (قرآن مجید کی آخری تین سورتیں) پڑھنی چاہئیں۔

(۲۴) غصّہ دُور کرنے کا عمل

جب کوئی شخص غصّہ و غضب میں بھر جائے تو اس کو چاہیئے کہ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ، پڑھے انشاء اللہ اس کا غصّہ دور ہو جائے گا۔

(۲۵) دفع بدکلامی

اگر کوئی شخص بدزبان ہو یا تیز کلام ہو تو اس کو چاہیئے کہ استغفار
اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّ اَتُوْبُ عَلَیْہِ ۔ یعنی بکثرت پڑھا کرے۔

(۲۶) مال مسروقہ حاصل کرنے کا عمل

مال مسروقہ کی بازیافت کے لیئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
سے لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ۔ بکثرت پڑھنا ثابت
ہے۔

(۲۷) بچھّو کا زہر دُور کرنے کا عمل

اگر بچھّو کاٹے تو سات مرتبہ الحمد شریف پڑھ کر اس پر دم کریں۔

(۲۸) آگ بجھانے کا عمل

جب کوئی شخص آگ لگی ہوئی دیکھے تو اللہ اکبر بار بار کہے انشاء اللہ
آگ بجھ جائے گی۔ علما نے اس کو بیحد مجرب لکھا ہے۔

(۲۹) حفظ مال واولاد کا عمل

جو شخص آیتہ الکرسی کو اپنے مال یا اپنی اولاد پر دم کرے گا یا لکھ کر

لٹکائے گا۔ تو شیطانی تصرف سے اس کی اولاد اور اس کا مال محفوظ رہے گا۔

(۳۰) جنّات سے محفوظ رکھنے کا عمل

اگر آیتہ الکرسی لکھ کر گھر میں داخل ہونے والے دروازہ پر لٹکا دی جائے یا ہر روز تین مرتبہ پڑھ کر گھر میں پھونک دی جائے تو اس گھر میں جنّات داخل نہیں ہوتے۔

(۳۱) ہر بیماری دُور کرنے کا عمل

سورہ فاتحہ ہر بیماری کی دوا ہے۔ فجر کے فرضوں اور سنتوں کے درمیان اکتالیس بار پڑھ کر مریض کے منہ پر دم کر دی جائے۔

(۳۲) مراد حاصل کرنے کا طریقہ

عشا کی نماز کے بعد چار رکعت نماز اور پڑھے جس کی پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد آیتہ الکرسی تین بار اور باقی تینوں رکعتوں میں فاتحہ کے بعد سورۃ اخلاص، فلق اور سورہ والناس ایک ایک مرتبہ پڑھے اور سلام کے بعد دعا مانگے اور اپنی دلی مراد چاہے اللہ تعالےٰ مراد پوری کرے گا۔

(۳۳) فقر و فاقہ دُور کرنے کا عمل

فقر و فاقہ دور کرنے کے لئے لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّابِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ط کا پڑھنا بے حد مجرب ہے۔ جو شخص پڑھے گا۔ وہ چند یوم میں مالا مال ہو جائے گا۔

(۳۴) غم، بیماری، قید کیلئے

قضائے حاجات و غم و فکر جسمانی بیماری اور قید و بند سے نجات حاصل کرنے کے لئے آیت کریمہ یعنی لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ط کو خشوع و خضوع کے ساتھ بکثرت پڑھنا بے حد مفید ہے اور تریاق اکبر ہے۔

(۳۵) دفع خوف کا عمل

ظالم سے ایذا پہنچنے کا خوف ہو تو اکثر یہ کلمات پڑھنے چاہئیں۔ ایذا نہیں پہنچے گی۔ حَسْبِیَ اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ ط

(۳۶) دفع غم کا عمل

جو شخص سخت غم میں مبتلا ہو یا اس کو کوئی ایسی مہم درپیش ہو جس کی اصلاح اس کی طاقت سے باہر ہو اس کو چاہیئے کہ صبح کی نماز پڑھ

کر ایک سو مرتبہ یہ پڑھے لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا فَرْدُ یَا وِتْرُ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ انشاء اللہ تعالیٰ غم دور ہو گا اور مہم بخیر و خوبی سرانجام ہو گی۔

(۳۷) مال دار بننے کا عمل

دولت مندی اور توانگری کے لئے صبح کی فرض نماز کے بعد روزانہ پچیس مرتبہ سورہ اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰہِ بحضورِ قلب پڑھنی چاہیئے۔ چند یوم پڑھنے سے مفلس مالامال ہو جاتا ہے۔

(۳۸) نیک فرزند حاصل کرنے کا عمل

جو شخص اس آیت پر مواظبت کرے گا اللہ تعالیٰ اس کو نیک بخت اور شائستہ فرزند عطا فرمائے گا۔ رَبِّ هَبْ لِیْ مِنْ لَّدُنْکَ ذُرِّیَّةً طَیِّبَةً اِنَّکَ سَمِیْعُ الدُّعَآءِ۔

(۳۹) دفع افلاس کا عمل

جو شخص اپنے افلاس سے تنگ آ گیا ہو۔ اس کو چاہیئے کہ اکثر اوقات یہ دعا یعنی یَا دَائِمَ الْعِزِّ وَ الْمُلْکِ وَالْبَقَآءِ یَا ذُوالْجَلَالِ وَالْجُوْدِ وَالْفَضْلِ وَالْعَطَایَا وُدُوْدُ وَالْعَرْشِ الْمَجِیْدُ یَا فَعَّالٌ لِّمَا یُرِیْدُ پڑھتا رہے۔ خدا کے حکم سے اس کی تنگی آسانی میں اور اس کی غربت امارت

میں بدل جائے گی۔

(۴۰) بیماری دُور کرنے کا عمل

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب بیمار ہوتے معوذتین بار پڑھ کر اپنے اوپر دم کرتے۔ جب وجع کی ہوتی تو میں پڑھ کر ان کے اوپر ہاتھ پھیرتی۔

(۴۱) سُورہ فلق وناس

چشم کے زخم کے لئے ان کی برابری کوئی اعادہ نہیں ہے۔

(۴۲) عمل دفع سحر

دفع سحر کے لئے معوذتین بار پڑھ کر مسحور پر دم کرنا چاہیئے۔

(۴۳) برکت حاصل کرنے کا عمل

جس کام کو بسم اللہ سے شروع نہ کیا جائے تو وہ کام منقطوع برکت ہوتا ہے۔ لہٰذا کسی کام کے آغاز میں اگر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ لی جائے تو اس میں اللہ برکت دیتا ہے۔

(۴۴) قبولیت دعا کا عمل

حدیث شریف میں آیا ہے کہ جس دعا کے شروع میں بسم اللہ ہوتی ہے۔

وہ پھیری نہیں جاتی۔

(۴۵) ہر برائی کے دفعیہ کا عمل

قُلْ هُوَ اللّٰهُ ومعوذتین کا صبح و شام تین تین بار پڑھنا ہر آنے والی برائی کو دفع کرتا ہے۔

(۴۶) ہر حاجت پورا ہونے کا عمل

استغفار سے انسان کی ہر حاجت پوری ہوتی ہے۔

(۴۷) آسیب دفع کرنے کا عمل

سورہ جن پوری آسیب زدہ پر ایک دفعہ پڑھ کر دم کی جائے یا لکھ کر بازو پر باندھ دی جائے تو انشاء اللہ تعالےٰ آسیب جاتا رہیگا۔

(۴۸) شر شیطان دفع کرنے کا عمل

دفع شر شیطان کے لئے لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ کا بکثرت پڑھنا بے حد مفید ثابت ہوا ہے۔

(۴۹) اولاد ہونے کا عمل

جس کو اولاد سے مایوسی ہو گئی ہو وہ یہ رَبِّ هَبْ لِیْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّیَّةً

طَیِّبَۃً اِنَّکَ سَمِیۡعُ الدُّعَآءِ آیت بکثرت پڑھا کرے انشاء اللہ تعالےٰ اس کو فرزند صالح اللہ تعالےٰ عطا فرمائے گا۔

(۵۰) گمشدہ شے کے مل جانیکا عمل

اگر اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّا اِلَیۡہِ رَاجِعُوۡنَ پڑھ کر گم شدہ چیز تلاش کی جائے تو بعینہٖ ضرور مل جائے گی۔ ورنہ غیب سے کوئی عمدہ چیز اسکو مل جائے گی۔

(۵۱) حصول جاہ و منزلت کا عمل

جو شخص بسم اللہ کو ۶۲۵ بار لکھ کر اپنے پاس رکھ لے گا۔ لوگوں کے دلوں میں اسکی ہیبت و عزت پیدا ہو گی۔ بالکل مجرب ہے۔

(۵۲) عمل برائے ہر مدعا

ہر دعا کے پورا کرنے وسعت رزق اجتماع خاطر جمعیت اور عزم راسخ کے لیئے لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کے ذکر سے بڑھ کر کوئی عمل نہیں لہذا اس کا ذکر علیحدگی میں خاموشی کے ساتھ کرنا امور مذکورہ کے لیئے بیحد مفید ہے۔

(۵۳) دفع غفلت کا عمل

دفع غفلت کے لئے استغفار زیادہ کرنا بیحد زود اثر ہے اور مجرب ہے۔ آدمی کو روزانہ استغفار کرنا اپنے اوپر لازم کر لینا چاہیئے اس پر مداومت کرنے

سے عجیب اثرات ظاہر ہوتے ہیں۔

(۵۴) خدائی غضب کو دُور کرنے کا عمل

حق تعالےٰ کے غضب کو دور کرنے کے لئے کلمہ طیبہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کے ذکر سے بڑھ کر کوئی چیز نہیں یہ کلمہ کفر کی ظلمتوں اور شرک کی کدورتوں کو رفع کرنے کا ایک زبردست آلہ ہے۔

(۵۵) نظر بد رفع کرنے کا عمل

دفع نظر بد کے لئے سورہ فاتحہ یا بسم اللہ دس مرتبہ پڑھ کر دم کرنا بیحد مجرب ہے۔

(۵۶) واپسی مفرور کا عمل

واپسی مفرور کے لئے سورہ یٰسین کو مِنَ الْمُکْرَمِیْن تک سات بار پڑھ کر قفل پر دم کرے۔ پھر مفرور کا نام لے کر تالا بند کر کے دریا میں ڈال دیں مفرور سرگردان ہو کر واپس آئے گا۔

(۵۷) حصول اولاد

جس شخص کے اولاد نہ ہوتی ہو اس کو چاہیئے کہ ہر نماز کے بعد ذیل کی آیت تین مرتبہ پڑھا کرے۔ انشاءاللہ تعالےٰ جلد ہی صاحب اولاد ہو

جائے گا۔ آیت یہ ہے۔ رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَیْرُ الْوَارِثِیْنَ ؀

(۵۸) بچہ کا زندہ رہنا

جس عورت کا بچہ زندہ نہ رہتا ہو وہ ایک سو ساٹھ بار بسم اللہ الرحمن الرحیم لکھ کر اپنے پاس بطور تعویذ رکھے انشاء اللہ اولاد زندہ رہے گی۔

(۵۹) حفظ حمل

ذیل کی آیت پڑھ کر پیٹ پر دم کرنا یا لکھ کر پینا حمل کے لئے بہت ہی مفید ہے یَا اَیُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّکُمْ اِنَّ زَلْزَلَةَ السَّاعَةِ شَیْءٌ عَظِیْمٌ ؀

(۶۰) نظر بد دور ہو

اگر کسی بچہ یا آدمی کو نظر بد لگ گئی ہو تو قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ وَاَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ تین تین بار پڑھ دم کرے۔

(۶۱) قرضہ ادا ہو

سورہ کہف لکھ کر بوتل میں ڈال کر گھر رکھنے سے انسان قرضہ سے نجات پاتا ہے اور آئندہ بلائے قرض سے محفوظ رہتا ہے۔

(۶۲) اولیاء اللہ کے زمرہ میں اٹھنے کا عمل

جو شخص آیت ذیل پر مداومت کرے گا۔ اللہ تعالےٰ اس کو بروز محشر اپنے محبان اور اولیا کے زمرہ میں مشہور فرمائیگا رَبَّنَآ اِنَّكَ جَامِعُ النَّاسِ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيْهِ اِنَّ اللّٰهَ -

(۶۳) تسخیر محبوب کا عمل

ایک پاک کوزہ گلی میں تھوڑا پانی ڈال کر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۰ کو سات سو چھیاسی مرتبہ باوضو پڑھ کر پانی پر دم کریں اور مطلوب کو پلائیں مطلوب کے دل میں طالب کی محبت پیدا ہو جائے گی۔

(۶۴) میاں بیوی کا اتفاق

اگر خاوند اور عورت میں محبت کرانا مقصود ہو تو گلاب کے پھولوں پر صبح کی نماز کے بعد سورہ لِاِیلٰفِ قریش اکیس مرتبہ پڑھ کر دم کر کے پھولوں کو مرد عورت دونوں کو سنگھاؤ۔ بفضلہ تعالےٰ پھولوں کو سونگھتے ہی دونوں میں محبت پیدا ہو جائے گی۔

(۶۵) عداوت کا عمل

سات دانہ بنولہ کو سورہ اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ سات بار پڑھ کر

آگ میں ایک ایک ڈالتے جائیں۔ اور جن میں عداوت کرانی ہو ان دونوں کا نام لیتے جائیں۔ عداوت ہو جائے گی۔

(۶۶) دشمن پر غلبہ پانے کا عمل

سورہ اِنَّا اَعْطَیْنٰکَ الْکَوْثَرُ تنہائی میں تاریکی کے اندر باوضو ایک سو مرتبہ پڑھنے سے دشمنوں پر غلبہ حاصل ہوتا ہے۔

(۶۷) تسخیر خلائق کا عمل

جو کوئی اس آیت کو وَاللّٰہُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰی مَا تَصِفُوْنَ ما ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر روغن چنبیلی پر دم کر کے اپنے سر بدن اور منہ پر مل کر جس کے روبرو جائے گا۔ وہ مطیع اور تابعدار ہو جائے گا۔

(۶۸) مطیع کرنے کا عمل

جو کوئی یاکریم کو سوتے وقت باوضو بکثرت پڑھے گا تو لوگوں کے دل میں اس کا اکرام واقع ہوگا۔ جسکے پاس جائے گا۔ وہ اس کا مطیع ہوگا۔

(۶۹) لوگوں میں عزت حاصل کرنے کا عمل

لوگوں کے اندر عزت و بزرگی اور جاہ و منزلت حاصل کرنے کی

لئے ذُوالجَلَالِ وَالاِکرَام ؕ کا ذکر بکثرت کرنا بیحد مفید ثابت ہوا ہے متقدمین مشائخ نے اس بارہ میں اس کو مجرب لکھا ہے۔

(۷۰) کشائش رزق کا عمل

زیادتی رزق اور کثرت مال کے لئے آیتہ اللہ لطیف بعبادہٖ یرزق من یشاءُ وھو القوی العزیز۔ نماز کے بعد اسی نیت سے بکثرت پڑھنا چاہیئے۔

(۷۱) دفع آسیب کا عمل

اگر آسیب کا اثر گھر میں معلوم ہو آیت بسم اللہ الرحمن الرحیم اِنَّھُمْ یَکِیْدُوْنَ کَیْدًا وَّ اَکِیْدُ کَیْدًا فَمَھِّلِ الْکَافِرِیْنَ اَمْھِلْھُمْ رُوَیْدًا کو پچیس بار چار کیلوں پر پڑھ کر چاروں کیلیں مکان کے چاروں کونوں میں گاڑ دیں۔

(۷۲) دفعیہ سحر کا عمل

آیت سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ الرَّحِیْمِ کو ایک کاغذ پر پانچ مرتبہ لکھ کر بطور تعویذ اپنے پاس رکھیں تو سحر اور آسیب و جنات سے محفوظ رہیں گے۔

(۷۳) ترقی تجارت کا عمل

اگر تاجر آدمی اسمِ یَا حَلِیْمُ کو بکثرت بوقت شب پڑھے گا۔ تو اُس کی تجارت خوب چلے گی۔

(۷۴) دردِ زِہ کے کم کرنے کا عمل

جس عورت کو دردِ زِہ ہو تو پرچہ کاغذ پر یہ آیت لکھے والقت ما فیھا و تخلت. واذنت لربھا وحقت اور اس پرچہ کو پاک کپڑے میں لپیٹے اور اس کی بائیں ران میں باندھے تو وہ جلد بچہ جنے گی۔

(۷۵) اسقاط حمل سے بچنے کا عمل

جو عورت بچہ اسقاط کر دیتی ہے تو ایک تاگہ کسم کا رنگا ہوا اس کے قد کے برابر لے اور اس پر نو گرہیں لگائیں اور ہر گرہ میں یہ آیت واصبر وما صبرک الا باللہ ولا تحزن علیھم ولا تک فی ضیق مما یمکرون ط ان اللہ مع الذین اتقوا والذین ھم محسنون اور قُلْ یَا اَیُّهَا الْکَافِرُوْنَ پڑھے اور پھونکے۔

(۷۶) محتاجی و مشکل مہم

اگر کسی کو کوئی مشکل درپیش ہو اور اس کی تدبیر نہ جانتا ہو اس کو

چاہیئے کہ سورہ مزمل شریف اکتالیس ۴۱ مرتبہ معہ اول و آخر درود شریف پڑھے۔ اگر محتاج ہوگا مالدار ہو جائے گا۔

(۷۷) بانجھ عورت و پیدائش لڑکا

اگر گیارہ مرتبہ سورہ مزمل شریف پڑھ کر سفید شکر پر دم کر کے بانجھ عورت کو کھلائے خداوند تعالے اس کو فرزند عطا فرمائے گا۔

(۷۸) حاضری بادشاہ

اگر کوئی شخص سورہ مزمل شریف پڑھ کر پانی پر دم کرکے اور وہ پانی منہ پر ملے اگر بادشاہ کے روبرو جائے وہ اس کا مطیع ہوگا۔

(۷۹) قید سے رہائی کا عمل

اگر سورہ مزمل شریف کو مشک اور زعفران سے لکھ کر تعویذ بنائے اور قیدی کے بازو پر باندھے اول ہی روز خلاصی پاوے۔

(۸۰) دیو پری کو تابعدار کرنے کا عمل

اگر کوئی شخص دیو پری کو تابع کرنا چاہے تو سورہ مزمل شریف کو خالی مکان میں اکتالیس ۴۱ بار پڑھے اور اس گھر میں عود صندل جلائے اور آپ بھی خوشبو لگائے۔ انشاءاللہ تعالے ساتویں روز سات شخص

حاضر ہونگے۔ اور ہر طرح مطیع و فرمانبردار ہوں گے۔ یہ راز کسی پر ظاہر نہ کیا جائے۔ ورنہ جان کا خطرہ ہے۔

(۸۱) دشمن کی ہلاکت کا عمل

اگر کوئی چاہے کہ اپنے دشمن کو ہلاک کرے تو عید الضحٰے کے روز غسل کر کے اکیس ۲۱ مرتبہ سورہ مزمل شریف پڑھ کر خاک پر دم کرے اور وہ خاک دشمن کی طرف پھینک دے۔ دشمن فوراً ہلاک ہوگا اور گھر اُس کا تباہ ہو جاوے گا۔

(۸۲) ظالم کو ہلاک کرنے کا عمل

اگر کوئی شخص کسی ظالم کے قبضہ میں آجائے اور اس سے چھٹکارا نہ پاسکے۔ چاہیئے کہ بروز جمعہ بعد نماز عشا انیس ۱۹ مرتبہ سورہ مزمل شریف کو پڑھ کر دم کرے اور سرسوں کو آگ میں ڈال دے۔ فوراً ظالم ہلاک ہوگا۔

(۸۳) زہر یا شیر کا بال

اگر کسی کو زہر یا شیر کا بال دیا گیا ہو چاہیئے کہ اکیس مرتبہ سورہ مزمل شریف کو پانی پر دم کرے اور اس کو پلائے۔ صحت ہو۔

(۸۴) بچہ کو بھوت سے چھڑانے کا عمل

اگر کسی بچہ کو کسی بھوت وغیرہ کی نظر ہو گئی ہو۔ تو سورہ مزمل شریف

مذکورہ اکتالیس ۴۱ مرتبہ پڑھ کر فولادی چاقو پر دم کرے اور چارپائی کے نیچے رکھدے فوراً وہ خبیث روح ظاہر ہوگی اور بچہ کو چھوڑ دے گی بہت مجرب ہے۔

(۸۵) عورت مرد کی محبّت کے لئے

اگر خاوند و زوجہ میں محبت نہ ہو تو سورہ مزمل شریف اکتالیس مرتبہ پڑھ کر شرینی پر دم کرے اگر عورت مرد سے مخالفت کرے تو عورت کو اگر مرد مخالفت کرے تو مرد کو کھلائے۔ دلی محبت ہو جائے گی۔ شیرینی کھلانے میں بات نہ کرے۔

(۸۶) سفر میں چوروں کے خطرے سے بچنے کا عمل

اگر کوئی شخص سفر کو جائے اور چوروں کا ڈر ہو تو سورہ مزمل شریف کا ختم صرف ایک مرتبہ کر کے اپنی راہ لے۔ سب بلاؤں سے بے خوف رہے گا۔

(۸۷) لڑکی کا رشتہ کرنیکا عمل

اگر کوئی شخص اپنی دختر کی شادی کرنے سے عاجز ہو تو بروز جمعہ بعد نماز دو رکعت ادا کرے اور قرآن شریف میں سے جو کچھ یاد ہو۔ نماز میں پڑھے۔ سلام پھیر کر سجدے میں جائے اور اکیس مرتبہ سورہ مزمل شریف

پڑھے اول ہی ہفتہ میں دختر کا نصیب یاور ہوگا۔

(۸۸) دشمن کو تابعدار کرنے کا عمل

اگر کوئی شخص اپنے کسی سخت دشمن سے عاجز آگیا ہو تو سورہ مزمل شریف سات مرتبہ پڑھ کر دشمن کی طرف پھونکے۔ دشمن عاجز ہو جائیگا عداوت نہ کرے گا۔ تابعدار ہو جائے گا۔

(۸۹) ہر مراد پوری ہونے کا عمل

اگر کوئی چالیس روز تک سورہ مزمل شریف اکتالیس مرتبہ روزانہ پڑھے۔ اسکی جو مراد ہوگی وہ پوری ہوگی۔

(۹۰) دشمن کی ہلاکت کا عمل

اگر کسی سے دشمنی ہو تو چاہیئے۔ کہ کسی پرانے اور ویران قبرستان میں جائے اور سر برہنہ دو پرانی قبروں کے درمیان بیٹھے اور سورہ مزمل شریف اکتالیس مرتبہ پڑھے دشمن ہلاک و برباد ہو جائے گا۔

(۹۱) بانجھ عورت کے اولاد ہونے کا عمل

بانجھ عورت اگر روزہ رکھے اور وقت افطاری دودھ جس پر سات مرتبہ سورۂ مزمل شریف دم کی گئی ہو۔ پیئے انشاء اللہ تعالےٰ صاحب

اولاد ہو۔ اگر قے ہو جائے ناامیدی ہے۔

(۹۲) قرضہ سے رہائی کا عمل

اگر کوئی قرضدار ہو اس کو چاہیئے کہ چالیس دن سوتے وقت دس مرتبہ روزانہ سورۂ مزمل شریف پڑھا کرے اللہ پاک اس کو قرضہ سے رہائی دے گا۔

(۹۳) سوزاک سے شفا کا عمل

اگر کسی کو سوزاک ہو جائے، سورہ مزمل شریف لکھ کر دھو کر پیئے۔ انشاء اللہ تعالےٰ آرام ہو جائے گا۔

(۹۴) تنگدستی سے رہائی کا عمل

اگر کوئی شخص تنگ دستی میں مبتلا ہو، چالیس روز وقت صبح دس مرتبہ سورہ مزمل شریف پڑھا کرے۔ فراخی ہو گی۔

(۹۵) جادو اور سحر کا عمل

اگر کوئی شخص جادو یا سحر میں مبتلا ہو تو اتوار کو سورہ مزمل شریف کو لکھ کر اور دھو کر پینے سے صحت ہو گی۔

(۹۶) درد دور کرنے کا عمل

اگر کسی شخص کی کمر یا پہلو یا زانو میں درد ہو تو سورہ مزمل شریف کو لکھ کر پانی سے دھوئے اور پانی سے درد کے اعضا کو دھوئے صحت ہو

(۹۷) دیو پری آسیب زدہ کے لئے عمل

اگر کسی شخص پر دیو یا پری کا اثر ہو تو سورہ مزمل شریف لکھ کر پانی سے دھوئے اور آسیب زدہ کو غسل دے صحت ہو۔

(۹۸) اولاد کی عمر درازی کا عمل

اگر کسی شخص کی اولاد بڑی نہ ہوتی ہو، بچپن ہی میں مرجاتی ہو۔ تو سات مرتبہ سورۂ مزمل شریف پڑھ کر سپاری پر دم کرے اس کو بچہ کے گلے میں ڈال دے انشاء اللہ تعالےٰ عمر میں زیادتی ہوگی۔

(۹۹) دشمن کی بربادی کا عمل

اگر کسی کو اس کا دشمن تکلیف دیتا ہو تو اکیس ۲۱ روز چالیس مرتبہ روزانہ سورہ مزمل شریف پڑھ کر فولادی چاقو پر روزانہ دَم کرے۔ چاقو زمین میں دفن کر دے دشمن مصیبت اور تکلیف میں مبتلا ہو جائے گا۔

(۱۰۰) کُند ذہن کے لئے عمل

اگر کُند ذہن روزانہ سورۂ مزمل شریف پانی پر دم کر کے پیئے تیز ذہن ہو اور قوت حافظہ میں ترقی ہو۔

(۱۰۱) دُنیا و آخرت کی بھلائی کا عمل

حدیث :۔ ابوذر کو حضرت نے فرمایا کہ تجھ کو دنیا و آخرت کی بھلائی کا واحد عمل بتاتا ہوں ۔ جو یہ ہے کہ ذکر اللہ کی مجلس کو لازم پکڑے اور تنہائی میں جس قدر ہو سکے ذکر اللہ کے سامنے اپنی زبان کو ہلا اور اللہ ہی کے لئے محبت رکھ اور اللہ کے لئے لوگوں سے بغض رکھ ۔ اے ابا ذرین یاد رکھ ۔ جب مسلمان اپنے گھر سے نکلتا ہے ۔ اپنے بھائی مسلمان کی ملاقات کے لئے تو ستر ہزار فرشتے یہ دعا کرتے ہوئے اس کی مغفرت کے لئے نکلتے ہیں ۔ کہ اے رب اس نے تیرے فلاں بندے سے رشتہ ملایا تو اس پر رحم کر اور اس سے صلہ رحمی کر۔ اے ابوذرین اگر تو یہ عمل کر سکے تو یاد رکھ کہ اس سے بہتر اور کوئی عمل نہیں ہے۔ پس ذکر اللہ کا مطلب یہ کہ ہر وقت ہر حالت میں اپنے مولا کو یاد رکھنا جیسا کہ قرآن پاک میں نیک بندوں کا وصف بیان فرمایا۔ الذین یذکرون اللہ قیاماً و قعودًا وعلےٰ جنوبھم الآیہ ۔ یعنی ایماندار وہ لوگ ہیں جو اٹھتے بیٹھتے، لیٹے ہر حالت میں اس کی طرف سے بے فکر و نڈر نہیں ہوتے ان کا ہر کام

ہر فعل اللہ کی رضا حاصل کرنے کے لئے اس کے فرمان کے مطابق ہوتا ہے
(بے عقلی شعب الایمان) یہ یاد رکھنا چاہیئے کہ محض زبان سے تسبیح و تہلیل
وغیرہ کے الفاظ ادا کرنا ہی ذکر اللہ نہیں۔ بلکہ وہ ہر دم جو شریعت کی
کی مطابقت میں کیا جائے۔ ذکر اللہ میں داخل ہے۔ یہاں تک کہ اپنے اہل و
عیال کے لئے حلال روزی کی تلاش کرنا اور بموجب فرمان الٰہی حرام
روزی سے پرہیز کرنا بھی ذکر اللہ میں داخل ہے آج کل عوام الناس نے
محض ترک دنیا و گوشہ تنہائی اختیار کرنا اور لمبی لمبی تسبیح گلے میں ڈالنا اور
سبز و سرخ رنگے ہوئے کپڑے پہننا اللہ کا ذکر کرنا تصور کیا ہے۔ حالانکہ یہ
محض غلط ہے۔ اللہ کی یاد کسی آدمی کو یہ سبق نہیں دیتی کہ وہ حلال طریقہ پر
کھانا کمانا ترک کر دے یا لوگوں سے ملنا جلنا ترک کر دے یا وہ مسجد کا ٹاٹ
ہی بن جائے۔ ذکر اللہ کا نتیجہ یہ ہے کہ اپنے ہم جنس مسلمان بھائی سے میل
ملاپ پیدا کرے۔ اس کی ملاقات کو جائے۔ حتی الامکان اپنے بھائی کی خدمت
کرے اور سچے لوگوں کی صحبت اختیار کرے۔

حدیث:۔ آدمی اپنے دوست کے دین پر ہوتا ہے۔ اس لئے دوستی
دیکھ بھال کر قائم کرے (احمد)

(۱۰۲) عملیات سورۂ فاتحہ

جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے کہ سورہ فاتحہ کلام
پاک کی ایک بڑی سورۃ ہے اس کی سات آئیں ہیں جن کو ملا کر پڑھنا چاہیئے

اور مجھ کو زیر عرش سے عطا فرمائی گئی ہے۔ جبرائیل علیہ السلام آپ کی حضوری پر حاضر تھے۔ انہوں نے ایک آواز سنی۔ سر اٹھا کر اوپر دیکھا تو اسے ایک فرشتہ کی صورت نظر آئی۔ جو کبھی زمین پر نہ اترا تھا۔ اس نے حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو نہایت ادب سے سلام کیا اور عرض کیا یا رسول اللہ ایک خوشخبری ہے۔ آپ کو دو نور عطا ہوئے۔ جو کبھی کسی کو نہیں دیئے گئے۔ سورہ فاتحہ اور سورہ بقر کی آخر آیات مسند امام احمد میں مروی ہے کہ اس کو سات بار دم کرنے سے زہر کا اثر دور ہو جاتا ہے۔ سورۃ فاتحہ کے فضائل اور فوائد میں جو اقوال ہیں ہم انہیں مجموعی صورت میں درج کرتے ہیں۔

(۱۰۳) بخار والے کے لئے عمل

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں۔ جس کو بخار چڑھا ہو اس کو سورہ فاتحہ یعنی الحمد شریف چالیس بار پانی پر دم کر کے پلایا جائے۔ علمائے کرام بھی اس کی فضیلت اور بزرگی کے قائل ہیں۔ جو شخص قید میں ہو یا کسی مصیبت میں مبتلا ہو وہ الحمد شریف کو گیارہ بار پڑھے۔

(۱۰۴) قضائے حاجت کا عمل

امام شریحی فرماتے ہیں۔ کئی شخصوں نے اس کا تجربہ کیا ہے اور اس کو مفید پایا ہے۔ قضائے حاجت کے لئے تیر بہدف ہے۔

حضرت شاہ عبدالعزیز دہلوی فرماتے ہیں۔ درمیان سنت و فرض نماز فجر

سورۂ فاتحہ اکتالیس بار وصل میم بسم اللہ پڑھنا چاہیئے۔ یہ طریقہ صلحار سے منقول ہے لوگوں نے اس کا بہت تجربہ کیا ہے۔

(۱۰۵) مفید عام عمل

جناب محی الدین ابن عربی شیخ اکبر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔ وصل میم سے سورہ فاتحہ کا پڑھنا مفید ہے۔

(۱۰۶) دفعیہ مرض کا عمل

حضرت علامہ ابن القیم فرماتے ہیں۔ سورہ فاتحہ کی قرأت شروع کرنے سے مرض دفع ہوجاتے ہیں۔

(۱۰۷) دفعیہ ہموم وغموم وغیرہ کا عمل

حضرت علامہ ابن سبعی فرماتے ہیں۔ ہموم غموم وغیرہ کے لئے بہت مجرب ہے۔ بعد نماز عشا نوے۹۰ مرتبہ اور بوقت صبح اسی۸۰ مرتبہ بعد ظہر ستر مرتبہ بعد عصر ۶۰ مرتبہ بعد مغرب ۵۰ مرتبہ روز پڑھیں۔ اس عمل کو کم ازکم گیارہ دن ضرور کرنا چاہیئے۔

(۱۰۸) حاجت براری کا عمل

مہینہ کی پہلی تاریخ سے جس وقت جی چاہے شروع کرے اور پہلے سات

مرتبہ درود شریف پڑھ کر پھر اِیَّاکَ نَعۡبُدُ وَاِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُ کو روزانہ ۱۶ یا ۴۱ بار پڑھے۔ جب بیس دن گزر جائیں تو اپنی خواہش ظاہر کرے۔ اور اس کو پورے تیس دن پڑھے۔ انشاء اللہ تعالےٰ حاجت بر آئے گی۔

(۱۰۹) نیا چاند دیکھ کر کیا دیکھنا چاہیئے

محرم	سورہ الرحمٰن	صفر	سورہ یٰسین
ربیع الاول	سورہ مجادلہ	ربیع الثانی	سورہ ملک
جمادی الاول	سورہ مزمل	جمادی الثانی	سورہ مدثر
رجب	سورہ ممتحنہ	شعبان	سورہ یٰسین
رمضان	سورہ محمد	شوال	سورہ فتح
ذیقعد	سورہ نون	ذوالحجہ	سورہ فجر

(۱۱۰) ایام نحس ماہانہ

در باب معلوم کرنے دنوں سعد اور نحس کے منقول ہے۔

حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہ ہر سال میں چوبیس روز نحس ہیں اور ہر مہینہ میں دو دن اور جو فرزند کہ شکم مادر سے تولد ہووے۔ زندہ نہ رہے۔ اور اگر زندہ رہے تو بیمار ہو جاوے اور حالت مرگ کو پہنچے۔ اور اگر کوئی شخص ان دنوں میں کوئی مہم کام کرے بخیریت وہ کام

نہ ہووے اور اگر ان دنوں میں لڑائی ہو جائے شکستہ ہووے اور اگر ان ایام
میں تجارت کرنے کو جاوے، لوٹ ہو جاوے۔ اور اگر ان روزوں میں
نکاح کرے درمیان زن و شوہر کے سازداری نہ ہو۔ اور اگر ان دنوں میں
کوئی چیز خریدے تو جہان فائدہ نہ ہووے اور اگر ان دنوں میں حمام اور
عمارت تعمیر کرائے وہ تمام نہ ہووے اور اگر ان روزوں میں چوری
کرے۔ ظاہر ہو جائے اور اگر ان دنوں کشتی میں بیٹھے غرق ہو جاوے اور
اگر ان ایام میں جھوٹ بولے ظاہر ہو جاوے اور اگر ان روزوں میں کوئی
چیز کسی جگہ پوشیدہ کر کے رکھے وہ چیز اس جگہ نہ رہے اور اگر ان روزوں
میں کوئی شخص کسی سے قرض لیوے اور سوداگری کرے سازداری نہ ہو۔
در صورت فائدہ کی نظر نہ آوے۔ وہ روز حسب ذیل ہیں۔

ماہ محرم	ماہ صفر	ماہ ربیع الاول	ماہ ربیع الآخر	ماہ جمادی الاول
۳-۱۵	۱-۲۰	۱۰-۲۰	۱-۱۵	۱۰-۱۵
جمادی الآخر	ماہ رجب	ماہ شعبان	ماہ رمضان	ماہ شوال
۱۰-۱۴	۱۳-۱۵	۶-۱۴	۲-۲۰	۱۰-۲۰
ماہ ذیقعد	ماہ ذوالحجہ			
۲-۳	۶-۲۰			

قضائے حوائج کیلئے ختم قرآن کریم وطریق تلاوت

علما نے فرمایا ہے کہ قرآن شریف کا ختم کرنا واسطے کار براری کے

مجرب ہے اس میں کچھ شک نہیں ہے۔ لیکن اگر ترتیب سے پڑھے تو نہایت بہتر ہے۔ اجابت میں اسرع التاثیر ہوگا۔ یعنی دن جمعہ کے اول بقرہ سے آخر مائدہ تک پڑھے سنیچر کو انعام سے آخر توبہ تک۔ اتوار کو یونس سے آخر مریم تک۔ پیر کو طٰہٰ سے آخر قصص تک۔ منگل کو عنکبوت سے سورۂ ص تک۔ بدھ کو زمر سے آخر سورۂ رحمٰن تک۔ جمعرات کو واقعہ سے آخر قرآن (والناس) تک۔ پھر وقت ختم کے سجدہ کرے اور اللہ تعالےٰ سے اپنی حاجت مانگے۔ وہ پوری ہوگی۔ شاہ اہل اللہ قدس سرہٗ نے بھی چار باب میں اسی ترتیب کو اختیار کیا ہے اور کہا ہے تمام خواندن قرآن در ہفت روز بریں اسرع در اجابت است) میں کہتا ہوں کہ جتنے اعمال علم و ولایت نے واسطے دفع آلام و آفات و امراض وغیرہ کے آیات کتاب اللہ سے نکالے ہیں۔ ان کے مجرب ہونے میں کوئی شک و شبہ کسی طرح نہیں ہے۔ اس لئے کہ اللہ تعالےٰ نے قرآن پاک کو شفا اور رحمت فرمایا ہے۔ سو ہر جملہ اس کا واسطے بیماری دل و تن و ہر بلائے ظاہر و باطن کے شافی کافی ساقی وافی ہے۔ لیکن اہل علم و ولایت نے یہ کیا ہے کہ مناسب ہر حال انسان کے ایک آیت یا چند آیات متنبہ کر کے طریقہ ان کے استعمال کتابت و شراً یا با تلاوت تعیین اوقات لیل و نہار بتایا ہے اس میں کسی قسم کا کوئی حرج اور نقصان نہیں ہے۔ کیونکہ مناسب حال گو ساتھ قول کے ایک علاقہ قوی ہوتا ہے۔ پھر جس شخص کو یہ اعمال اثر نہ کریں۔ تو یقین کر لیں کہ اس کا ایمان ضعیف ہے۔

طریقہ ختم خواجگان نقشبندیہ رحمۃ اللہ علیہم (۱۱۲)

یہ ختم جس نیت و قصد سے پڑھا جاتا ہے۔ وہی مقصد حاصل ہوتا ہے۔ طریقہ اس کا یہ ہے کہ پہلے ایک بار سورۂ فاتحہ پڑھے پھر سورۂ فاتحہ کو معہ بسم اللہ سات بار پڑھے پھر درود سو دفعہ پھر الم نشرح مع بسم اللہ اناسی مرتبہ پھر سورہ اخلاص با بسم اللہ ہزار و یک مرتبہ پھر سورہ فاتحہ با بسم اللہ سات بار پھر درود شریف دو سو مرتبہ پھر فاتحہ پڑھ کر ثواب اس ختم کا ارواح حضرات کو جن کی طرف یہ ختم منسوب ہے پیش کرے۔ ان بزرگوں کے تعین نام میں اختلاف ہے پھر اللہ تعالیٰ سے حصول دعا بہ وسیلہ ان لوگوں کے چاہے اور جب تک کام نہ ہو مداومت رکھے۔ اللہ تعالیٰ ہر مشکل کو آسان کرنے والا ہے۔ اس ختم کو خواہ ایک شخص تنہا پڑھے یا زیادہ لوگ پڑھیں لیکن رعایت حد ودو ترکی اولیٰ ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ وتر ہے اور وتر کو دوست رکھتا ہے۔ خانقاہ شریف مظہری کا دستور یہ ہے کہ بعد فاتحہ آخر کی دعا باواز بلند پڑھتے تھے اور کہتے تھے کہ ہم نے ثواب ان کلمات کا جو اس حلقہ میں پڑھے گئے ہیں۔ ارواح طیبات حضرات علیہ نقشبندیہ رضی اللہ عنہم کو پیش کیا اور اللہ تعالیٰ سے ہم امداد و اعانت بواسطہ ان حضرات کے چاہتے ہیں حضرت مجدد الف ثانی کے ختم میں معمول دعا اسی طور پر تھا۔

(۱۱۳) ختم حضرت مجدد الف ثانی سرہندی

یہ ختم واسطے حصول جمیع مقاصد و حل مشکلات کے مجرب ہے۔ پہلے سو بار درود شریف پڑھے پھر پانچسو بار لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ یا کم و بیش پھر سو بار درود شریف۔ اس ختم کو ہمیشہ پڑھتا رہے جبانتک کہ مطلب حاصل اور مشکل حل نہ ہو۔ مرزا صاحب قدس سرہٗ نے قاضی ثناء اللہ مرحوم کو لکھا تھا کہ ختم خواجگان و ختم مجدد رحمۃ اللہ علیہم ہر روز بعد حلقہ صبح لازم کرلو۔

(۱۱۴) ختم قادریہ

اس کو مشائخ نے واسطے بر آمد ہر مہم کے مجرب سمجھا ہے۔ عروج ماہ میں پنجشنبہ سے شروع کرکے تین دن تک بسم اللہ معہ فاتحہ و کلمہ تمجید و درود و سورہ اخلاص ہر ایک کو ایکسو گیارہ بار۔ پھر شیرینی پر فاتحہ پڑھ کر ثواب اور اس کے روح پر فتوح آنحضرت و مشائخ طریقت کو دے کر تقسیم کرے۔

(۱۱۵) دیگر ختم قادریہ

پہلے دو رکعت نماز پڑھے۔ ہر رکعت میں سورۂ اخلاص گیارہ بار بعد سلام کے یہ درود ایک سو گیارہ بار پڑھے اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ

مَعْدَنِ الْجُوْدِ وَالْکَرَمِ وَعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ ۔ پھر شیرینی پر فاتحہ شیخ صلی رضی اللہ عنہ پڑھ کر تقسیم کرے۔

(۱۱۶) ختم الایلاف

اس کا بہ نیت رفع شر گیارہ بار یا ایک سو ایک بار پڑھنا اور اول و آخر پانچ بار درود شریف پڑھنا بعد نماز فجر کے مجرب ہے۔

(۱۱۷) عمل برائے کشف ارواح

مشائخ قادریہ نے یہ کہا ہے جو طریقہ واسطے کشف ارواح کے ہمارا مجرب ہے، وہ یہ ہے کہ ہمراہ خلوت و لباس پاک و غسل و خوشبو کے مصلے پر بیٹھ کر داہنی طرف سبوح کی ضرب لگائے اور بائیں طرف قدوس کی اور آسمان میں رب الملٰئکۃ کی دل میں ذی الروح کی انتہیٰ۔

(۱۱۸) عمل برائے حصول امر مشکل

امور مہمہ مشکلہ کے حاصل کرنے کے واسطے شروط مذکورہ کے ساتھ یہ طریقہ ہے کہ تہجد کی نماز پڑھے جس قدر اس کے مقدور ہو۔ پھر داہنی طرف یَا حَیُّ کی ضرب لگائے اور بائیں طرف یَا وَهَّابُ کی اسی طرح ہزار بار کرے۔

(۱۱۹) عمل برائے انشراح خاطر و دفع بلا

بلاؤں کے دور کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ اللہ کی ضرب دل میں لگائے اور لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ کی اس طرح ضرب لگائے جس طرح نفی اثبات میں بیان کیا گیا ہے۔ اور الحیّ کی ضرب داہنی طرف اور القیوم کی ضرب بائیں طرف لگائے۔

(۱۲۰) عمل برائے شفا مرض وغیرہ

جب اللہ سے دعا کرنے کا ارادہ کرے بیمار کی شفا کا یا دفع گم شدگی یا کشائش رزق کا یا مغلوبی دشمن کا تو اسم الٰہی کا موافق اپنی حاجت کے اسمائے حسنیٰ میں سے لیکر اس نام کو دو ضرب یا چار ضرب کے ساتھ ذکر کرے مثلاً یوں کہے۔ یا شافی او یا صمد او یا رزاق او یا مدل الی غیر ذالک۔

(۱۲۱) عمل برائے صدق و رزق وغیرہ

جو شخص چاہے کہ مجھے صدق فی القول کی عادت پڑے وہ قراۃ اِنَّا اَنْزَلْنٰہُ فِیْ لَیْلَۃِ الْقَدْرِ پر مداومت کرے اور اگر چاہے کہ رزق مثل باراں کے برسے تو قراۃ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ پر مداومت کرے اور اگر شر دم سے سلامت رہنا چاہے تو قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ

ہمیشہ پڑھا کرے اور اگر جلب خیر و برکت کا خواہاں ہو تو اس کی مداومت کرے بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط الملك الحق المبين هو نعم المولیٰ ونعم النصیر اور سورہ واقعہ و سورہ یٰسین پڑھا کرے۔ رزق مثل باراں کے پائے گا۔ اور اگر یہ چاہے کہ اللہ تعالیٰ ہر مہم سے کشادگی اور ہر ضیق سے مخرج اور رزق بے گماں دے تو استغفار کو لازم پکڑے اور اگر یہ چاہے کہ خوف و فزع سے امن میں رہے تو یوں کہے۔ اعوذ بکلمات اللہ التامات من غضبہ وعقابہ ومن شر عبادہٖ ومن ھمزات الشیاطین ان یحضرون ط

(۱۲۲) عمل برائے تجارت

سورہ شعراء کو لکھ کر موضع تجارت میں لٹکا دے بیع و شراء بکثرت ہونے لگے گی۔

(۱۲۳) عمل برائے عدم بھوک پیاس

قراۃ سورہ لایلف واسطے اس کام کے مجرب ہے۔

(۱۲۴) عمل برائے امن مکان

سورہ فیل کو ایک ظرف خام گلی قدیم میں لکھ کر اندر گھر وغیرہ کے دفن کر دے وہ موضع مامون رہے گا جب تک کہ یہ ۔۔۔ من

باقی ہے۔

(۱۲۵) عمل برائے دفع دشمن

نماز فجر میں اَلَمْ نَشْرَحْ رکعت اولیٰ میں اور سورہ فیل رکعت ثانیہ میں پڑھنے سے دشمن کا منہ اس کی طرف سے پھر جائے گا اور کوئی راستہ اس کو اس کی طرف نہ ملے گا۔

(۱۲۶) ختم سورہ انعام

برکت اس سورۂ جلیل کی ظاہر ہے فضیلت اس کی نصر علی الاعداء و ہلاک اعداء میں مشہور ہے۔ کثرت سے سورۂ کو پڑھے اور درمیان ہر دو اسم جلالہ کے دعا مانگے۔ پھر بعد فراغ کے دعا کرے اور بعض لوگ اس کو واسطے شفاء مریض کے اکتالیس بار ترکیب خاص کے ساتھ پڑھتے ہیں سنوسی نے کہا ہے کہ واسطے وجع مفاصل و سائر امراض کے اس سورہ کو لکھ کر پی لے اور بدن پر ملے تخفیف ہو جائے گی۔

(۱۲۷) عمل برائے نجات از نار

صوفیا نے کہا ہے کہ جو کوئی کلمہ طیبہ کا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کو ستر ہزار بار پڑھیگا وہ آگ دوزخ سے آزاد ہو جائے گا۔ اس نے اپنی جان کو گو نار سے خرید لیا۔ میں بھی یہی کہتا ہوں کہ جو اس کلمہ کا ہو کر مرجاتا ہے یا کلمہ آخر

کلام اس کا ہوتا ہے تو وہ بموجب حدیث صحیح مسلم داخل جنت ہوگا۔

(۱۲۸) قضائے حاجات کا عمل

صلوٰۃ کن فیکون یعنی قضائے حاجات کا عمل یہ نماز چونکہ مطلب براری اور حاجت روائی کے لئے سریع التاثیر ہے۔اس لئے اس کو صلوٰۃ کن فیکون کہتے ہیں۔اس کا طریقہ یہ ہے کہ جس کسی کو سخت حاجت پیش آئے اسکو چاہیے چہارشنبہ پنجشنبہ اور جمعہ کی راتوں میں ہر شب دو رکعتیں ادا کرے پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ ایکبار اور سورہ قل ھو اللہ ایک بار پڑھے۔ اور دوسری رکعت میں سورہ فاتحہ سو بار اور سورہ قل ھو اللہ ایک بار پڑھے۔ پھر سو بار یوں کہے۔ اے آسان کنندہ دشوار ہیا دوائے روشن کنند یار کیماتے پھر سو بار استغفار کرے اور سو بار درود شریف پڑھے۔ جب تیسری شب عمل مذکورہ سے فارغ ہو جائے تو برہنہ سر ہو کر اپنی آستین کو گلے میں ڈال کر بحضور قلب تضرع و زاری سے حاجت براری کے لئے دعا مانگے۔ انشاءاللہ تعالیٰ اس کی دعا مستجاب ہو کر اسکی حاجت پوری ہو جائے گی۔

(۱۲۹) مراد حاصل کرنے کا عمل

جو شخص اپنی کوئی دلی مراد حاصل کرنا چاہے۔اس کو چاہئیے کہ نماز عشا ادا کرنے کے بعد روزانہ چار رکعت تمام اور پڑھے جس کی پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد آیۃ الکرسی تین بار۔ اور باقی تینوں رکعتوں میں سورہ فاتحہ کے بعد

سورہ اخلاص، سورہ فلق اور سورہ ناس ایک ایک مرتبہ پڑھے اور سلام کے بعد دعا مانگے اور اپنی دلی مراد چاہے، حق تعالیٰ پوری کرے گا۔

(۱۳۰) رفع حاجت کا عمل

جس شخص کو کوئی شدید حاجت پیش آئے۔ اس کو چاہیئے کہ میں باری تعالیٰ کے آگے سر بسجود ہو جائے اور اپنی دونوں انگشتاں شہادت آسمان کی طرف اٹھا کر چالیس مرتبہ آیت کریمہ کا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ پڑھ کر جو حاجت پوری ہو جاوے گی۔

(۱۳۱) مہم انجام پانے کا عمل

اگر کسی شخص کو کسی امیر یا حاکم کے پاس کوئی حاجت ہو اور اس کی خواہش ہو کہ میرا کام بخوبی انجام پا جائے تو اس کو چاہیئے کہ سورہ یٰسین تینتیس بار پڑھ کر اس حاکم یا امیر اس کی تعظیم کرے گا۔ اور اس کا کام خواہ کیسا ہی ہو پورا کرے گا۔

(۱۳۲) بخار دائمی دُور ہو

جس شخص کا پیچھا بخار نہ چھوڑتا ہو اس کو چاہیئے کہ ہر روز نماز عصر کے بعد سورہ مجادلہ تین بار پڑھا کرے انشاءاللہ چند یوم اس پر مداومت کرنے سے مریض بخار سے نجات حاصل کرے گا۔

(۱۴۳) طریق استخارہ

اگر کسی شخص کو استخارہ کرنا مطلوب ہو تو اس کے لئے ضروری ہے۔ کہ وضو کر کے پاک کپڑے پہن کر قبلہ رو داہنی کروٹ لیٹے اور سورۂ والشمس سات مرتبہ، سورہ واللیل سات مرتبہ اور سورہ اخلاص سات مرتبہ پڑھے پھر یوں کہے کہ مولا مجھ پر فلاں فلاں حال انکشاف کر دے۔ پھر سو جائے اسی طرح روزانہ کرتا رہے انشاء اللہ سات یوم کے اندر مطلب حاصل ہوگا۔ اور یہ استخارہ ہزار ہا مرتبہ تجربہ میں آچکا ہے۔

(۱۴۴) حفظ مال و اولاد کا عمل

جو شخص آیۃ الکرسی کو اپنے مال یا اپنی اولاد پر دم کرے گا یا لکھ کر لٹکائے گا۔ تو شیطانی تصرف سے اس کی اولاد اور اس کا مال محفوظ رہے گا۔

(۱۴۵) آسانی مشقّت و افزونی طاقت کا عمل

اگر کسی کو کام کی زیادتی کی وجہ سے مشقّت معلوم ہو تو اس کو چاہیئے۔ سبحان اللہ ۳۳ بار الحمد للہ ۳۳ بار اور اللہ اکبر ۳۴ بار پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ مشقت آسان ہو جائے گی اور قوت بھی زیادہ ہو گی۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صاحبزادی حضرت فاطمۃ الزہرا نے چکی پیسنے کی مشقت کی۔ حضور سے شکایت کی اور خادم مانگا تو حضور

نے یہی تسبیحات اپنی صاحبزادی کو سکھائیں اور فرمایا کہ یہ تسبیحات خادم سے بہتر ہیں۔ ان سے دنیا کی مشقت سہل ہو جائے گی۔

(۱۳۶) مصیبت دُور کرنے کا عمل

اگر کسی کو بلا یا خوفناک مصیبت کا اندیشہ ہو تو اس کو چاہیئے کہ کلمات ذیل بکثرت پڑھے۔ انشاء اللہ بلا یا مصیبت ٹل جائے گی۔ کلمات یہ ہیں۔

حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ عَلَی اللّٰہِ تَوَکَّلْنَا۔

(۱۳۷) عمل کشائش رزق

جو شخص بکثرت استغفار پڑھے گا۔ یعنی اپنے اوپر لازم کرلے گا تو اللہ تعالےٰ اس کی ہر تنگی کو دور اور اس کے ہر غم کو خوشی سے بدل دے گا۔ اور اس جگہ سے اس کو رزق پہنچائے گا۔ جہاں سے اس کو گمان بھی نہ ہوگا۔

(۱۳۸) عمل حفاظت غلہ

جس جگہ غلہ کا ذخیرہ ہو اگر وہاں سورۂ والتین پڑھ کر دم کی جائے یا لکھ کر ذخیرہ میں رکھی جائے تو غلہ میں برکت ہوتی ہے اور ضرر رساں جانوروں سے غلہ محفوظ رہتا ہے۔

(۱۳۹) عمل برائے مار گزید

جب کسی کو سانپ کاٹے تو اس کے لئے ایک پرچہ پر نو مرتبہ حرف

س لکھیں۔ اور اس کے ساتھ یہ آیت لکھیں سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ الرَّحِیْم
پھر اس پرچہ کو پانی سے دھو کر مارگزیدہ کو پلائیں۔ تو باذن اللہ تعالٰے
وہ اچھا ہو جائے گا۔

(۱۴۰) عمل برائے ہر مرض

یہ عمل ہر مرض سے شفا حاصل کرنے کے لئے بے حد مجرب ثابت ہوا ہے۔ وہ یہ کہ ایک دیندار متشرع اور متقی آدمی مریض کے سرہانے بیٹھ کر باوضو دونوں ہاتھ اٹھا کر ایک سو چھبیس ۱۲۶ بار السلام بلند آواز سے کہے اور مریض بھی سن لے۔ انشاء اللہ تعالٰے مریض کو صحت ہو جائے گی۔

(۱۴۱) عمل برائے حصول اولاد

جس شخص کے اولاد نہ ہوتی ہو اس کو چاہیئے کہ ہر نماز کے بعد ذیل کی آیت تین مرتبہ پڑھا کرے۔ انشاء اللہ تعالٰے جلد ہی صاحب اولاد ہو جائے گا۔ آیت یہ ہے۔ رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّ اَنْتَ خَیْرُ الْوَارِثِیْنَ ؕ

(۱۴۲) عملیات سورۂ یٰسین شریف

جملہ مہمات دینی و دنیوی کے لئے سورۂ یٰسین سات بار یا چالیس ۴۰ بار پڑھنی چاہیئے۔ وسعتِ رزق اور ہلاکی دشمن کے لئے نماز صبح کے بعد چالیس ۴۰ دن تک گیارہ گیارہ دفعہ سورۂ یٰسین پڑھ کر آنحضرت صلعم نے

فرمایا ہے کہ ہر چیز کا دل ہوتا ہے۔ پس قرآن مجید کا دل سورہ یٰسین ہے ایک دفعہ سورہ یٰسین پڑھنے سے بائیس قرآن پاک کا ثواب ملتا ہے۔ اس کی تلاوت سے رضائے الٰہی حاصل ہوتی ہے اور پڑھنے والے کی مغفرت کی جاتی ہے اور جب یہ سورہ شریف ایسے آدمی کے پاس پڑھی جائے جو قریب المرگ ہو تو اس کے ہر حرف کے بدلے میں دس دس فرشتے نازل ہو کر اس کے سامنے صف بصف کھڑے ہو جاتے ہیں اور اس کے لیئے استغفار کرتے ہیں اور غسل کے وقت موجود رہتے ہیں اور جنازہ کے ساتھ جاتے ہیں اور نماز پڑھتے ہیں۔ اور دفن کرتے ہیں اور سکرات کے وقت رضوان اسکے لیئے بہشت سے شربت لاکر پلاتا ہے۔ اگر بانجھ عورت پڑھا کرے تو اولاد نرینہ پیدا ہو۔ محتاج پڑھے تو غنی ہو جائے۔ مسحور پر دم کر دو تو جادو اس کا دفع ہو۔ آسیب زدہ پر دم کرنے سے آسیب دور ہو۔ یٰسین وَالْقُرْآنِ الْحَکِیْمِ ؕ لکھ کر جو کوئی اپنے پاس رکھے گا ہر دلعزیز ہو گا۔ اور اس کے مال میں برکت ہوگی۔ دشمن اس کا سرنگوں ہو جائے گا اور سب مشکلیں آسان ہوں گی۔ مریض کے گلے میں ڈالے تو شفا پائے حاکم جابر کے ڈر سے محفوظ رہے گا فقر و فاقہ میں مبتلا نہ ہوگا۔ بے قصور قیدی کے گلے میں ڈالنے سے رہائی ہو غم والم سے نجات دے گا یٰسین یٰسین یٰسین یٰسین لکھ کر صبح نہار منہ گھول کر پینے سے حافظہ زیادہ ہو جاتا ہے۔ اور قلب خیانت سے پاک اور باطن نور معرفت سے روشن ہو جائے گا۔ اس کے لکھنے والے کو بھی دنیا اور آخرت کی خبر حاصل ہوتی ہے۔ بیمار کے پاس پڑھی جائے تو اُسے شفا ہوتی

ہے۔ سننے والے کو ہزار اشرفیاں خیرات کرنے کا ثواب ملتا ہے۔ اگر قبرستان میں پڑھی جائے تو چالیس دن تک وہاں کے مُردوں پر عذاب نہیں ہوتا۔ اور جتنے مُردے وہاں دفن ہوں ان کی تعداد کے برابر پڑھنے والے کو ثواب ملتا ہے۔ اگر اس سورہ کو پڑھکر سو رہا کرے۔ رات بھر ہزار فرشتے اس کی حفاظت کریں۔ شر شیطان اور ہر بلا سے بچا رہے۔

کہتے ہیں کہ اسم اعظم اسی سورت میں ہے جس مطلب کے لئے پڑھی جائے گی وہ حاصل ہو جائے گا۔ نا کتخدا مرد یا عورت پڑھے عقد ہو جائے گا زرہ کے لئے پڑھو وسیع عمل یا ساتی ہو ہر شب کو اس کا پڑھنے والا واجب مریگا۔ شہادت کا مرتبہ پائے گا۔ سات بار یٰسین پڑھکر والدین کو بخشے تو ماں باپ کی زیارت ہو۔ ایک رکابی پر زعفران سے سورۂ یٰسین لکھ کر چالیس دن تک پینے سے دل کی سختی رفع ہوتی ہے۔

(۱۴۳) عملیات سورۂ فتح شریف

نماز ظہر کے بعد اعداء پر فتح پانے کے لئے اکتالیس بار یہ سورۃ پڑھنا نہایت ہی اثر رکھتا ہے۔ صلح حدیبیہ سے جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم واپس ہونے تو اثنائے راہ میں ایک رات کو یہ سورۃ مجھ پر نازل ہوئی ہے آپ نے صحابہ سے فرمایا کہ آج رات ایک ایسی سورۃ مجھ پر نازل ہوئی ہے۔ جسے میں تمام دنیا سے دوست رکھتا ہوں پھر آپ نے صحابہ کو مبارک باد دی۔ اور صحابہؓ نے آپ کو اس سورت

کو پڑھنے والے کو ایسا ثواب ملتا ہے۔ گویا فتح مکہ کے دن آنحضرتؐ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ تھا اور اُسی حال میں شہید ہوا۔ رمضان کا چاند دیکھ کر تین بار چاند کے سامنے کھڑا ہو کر اس سورۃ کو پڑھے۔ سال بھر امن چین سے رہے۔ قیامت کے دن اس سورۃ کا پڑھنے والا ان لوگوں درجہ میں شامل ہوگا۔ جنہوں نے بیت الرضوان میں آنحضرتؐ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہاتھ پر بیعت کی تھی۔ اس سورۃ کو ہمیشہ پڑھنے والا فراخ روزی ہوگا۔ اور برباد ہونے سے محفوظ رہے گا اگر عورت اس کو دھو کر پیئے دودھ اس کا زیادہ ہو ماہ رمضان ہر شب کو نماز سنت میں اس کو پڑھنا سال آئندہ تک بلاؤں سے امین رکھتا ہے۔

(۱۴۴) عملیات سورہ رحمان

جناب علی مرتضےٰؑ نے آنحضرتؐ سے روایت کی ہے کہ سورہ رحمان قرآن کی عروس ہے اور اس سورۃ کا پڑھنا ایسا ہے گویا پڑھنے والے نے خدا کی تمام نعمتوں اور احسانوں کا شکریہ تہ دل سے ادا کیا۔ گیارہ دفعہ پڑھنے سے سب مقاصد دلی حاصل ہوتے ہیں۔ طحال والے کو لکھ کر پلائی جائے تو تلی دور ہو۔ اگر لکھ کر پانی سے دھو کر گھر کی دیواروں پر چھڑک دی جائے تو موذی جانور بھاگ جائیں۔ قیامت کے دن اس سورۃ کے پڑھنے والوں کا چہرہ منور مثل چودھویں کے چاند کے ہو جائے گا اور خدا انہیں بہشت میں داخل کرے گا اور ہر شخص کے

حق میں ان کی شفاعت قبول ہو گا۔

(۱۴۵) عملیات سورۃ واقعہ

نماز عصر کے بعد یا لات کو سورہ واقعہ چالیس دفعہ پڑھنے سے فقرہ فاقہ دور ہو جاتا ہے آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے کہ تم اس کو پڑھو اپنی اولاد اور عورتوں کو سکھاؤ بے شک یہ سورۃ سورالغنا ہے جو کوئی خبر اولین اور آخرین اور اہل جنت اور اہل نار اور اہل دنیا اور اہل آخرت کی جاننا چاہیئے وہ اس سورۃ کو پڑھے بعض صالحین کا قول ہے کہ حصول غنا کے لئے جمعہ سے متواتر سات روز بعد ہر فریضہ کے پچیس دفعہ اس سورۃ کو پڑھے۔ پھر جب جمعرات آوے۔ مغرب کی نماز کے بعد پچیس دفعہ پڑھے پھر عشا کی نماز کے بعد پچیس بار پڑھے۔ اسکے بعد آنحضرت پر درود بھیجے اور اس کے بعد صبح ایک بار اور شام کو ایک بار نماز کے بعد پڑھا کرے۔ مطلب دلی بر آوے گا۔ تمام مرادیں بر آنے کے آنے بدھ کو عصر کے وقت غسل کر کے اول وقت دو زانو بیٹھ کر سورۃ واقعہ ایکبار پڑھے اور دوسرے دن دو بار اور تیسرے دن تین بار اسی طرح روز ایکبار پڑھتا جائے۔ یہاں تک کہ چلہ پورا ہو جائے اور چالیسویں دن چالیس بار پڑھی جائے۔ مگر شرط یہ ہے کہ مغرب سے پہلے ختم ہو جایا کرے۔ اگر نہ ہو سکے تو عصر سے پہلے شروع کر دیا کرے۔ جب نماز کا وقت آ جائے تو عصر کی نماز پڑھ کر پھر شروع کر دے اور قبل پڑھنے کے غسل روز

کریا کرے۔ قبر پر پڑھنے سے مردے کے عذاب میں تخفیف ہوتی ہے۔

(۱۴۶) عملیات سورۃ ملک

ہر روز سات بار مغرب کے بعد پڑھنا تمام بلاؤں سے محفوظ رکھتا ہے اور نماز عشا کے بعد ایک بار پڑھنے سے آدمی عذاب قبر سے امین رہتا ہے۔ آنحضرت نے فرمایا ہے کہ میں چاہتا ہوں کہ سورۃ میری امت کے ہر آدمی کے دل میں ہو۔ ابن عباس نے ایک دن اپنے کسی دوست سے کہا کہ میں تم کو تحفہ کے طور پر ایسی حدیث دیتا ہوں جس سے تمہارا دل خوش ہو جائے۔ وہ یہ ہے کہ سورۃ الملک پڑھا کرو اپنے گھر والوں اور اولاد کو سکھاؤ۔ یہ سورۃ نجات دینے والی اور مجادلہ کرنے والی ہے۔ قیامت کے دن خداوند تعالےٰ درگاہ میں اپنے پڑھنے والے کے واسطے کہے گی۔ کہ اسے عذاب نار سے نجات دو۔ اکتالیس ۴۱ مرتبہ پڑھنے سے تمام مشکلات حل ہو جاتی ہیں اور سب حاجتیں بر آتی ہیں اس کے پڑھنے والے کو اتنا ثواب ملتا ہے۔ گویا شب قدر میں رات بھر جاگتا رہا اور عبادت کی۔ منکر نکیر کی پوچھ گچھ سے آدمی کو خوف نہیں رہتا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب تک سورہ (الم) سجدہ اور سورۃ ملک نہ پڑھ لیتے تھے۔ سوتے نہیں تھے۔

(۱۴۷) عملیات سورۃ مزمل شریف

آنحضرت نے فرمایا ہے کہ جو شخص اس سورۃ کو پڑھے گا اللہ تعالےٰ دنیا و آخرت میں اُسے خوش رکھے گا۔ اور افلاس اس کا دور ہو جائیگا۔ اس سورۃ کو روز پڑھنے والا آنحضرت کی زیارت سے مشرف ہوتا ہے اور جس مشکل کے لئے پڑھے وہ آسان ہو اگر زن و شوہر روزہ رکھیں اور شام کے وقت اکیس ۲۱ بار سورہ مزمل پانی پر دم کر کے اس پانی سے روزہ افطار کریں تو بیٹا ہو۔ سات دن تک نو نو بار چھالیہ پر دم کر کے بانجھ کے گلے میں ڈالنے سے حمل قرار پائے۔ نماز جمعہ کے بعد دو رکعت پڑھ کر سلام پھیرے اور سجدہ میں جا کر اکیس ۲۱ دفعہ سورہ مزمل شریف پڑھے۔ تو لڑکی کا نصیب کھلے۔ سات تار کچے سوت کے لے کر گیارہ دفعہ سورۃ مزمل پڑھے اور ہر دفعہ گرہ لگا کر اس پر دم کرتا جائے جس عورت کی کمر میں وہ باندھ دیا جائے گا اس کا کچا حمل نہ گرے گا۔ سات دفعہ اس سورۃ کو پڑھ کر چھالیہ پر دم کرو اور اس لڑکے کے گلے میں ڈالدو تو وہ بچہ صحیح و سالم رہے گا۔

(۱۴۸) عملیات سورہ نبا

اس سورۃ کو نماز عشا کے بعد تین بار آنکھوں کی روشنی کے لئے اور پانچ دفعہ افزائی علم و ذہن کے لئے پڑھنا چاہیئے آنحضرت صلی اللہ

علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ اس کے پڑھنے والے کو قیامت کے دن نہایت سرد شربت ملا کرے گا۔ جو شخص سورہ نبا پڑھا کرے اسی سال میں زیارت بیت اللہ ہو اور قیامت میں خوشگوار سرد پانی خدا کے حکم سے اسے ملے اور بازو پر باندھ لینے سے طاقت زیادہ ہو اس کے پڑھنے والا روز قیامت کی گرمی سے بچا رہے سیلان خون والا یا نکسیر پھوٹنے والا سات بار شیرہ انگور پر پھونک کر پی جائے یا پیشانی پر لکھے تو خون بند ہو جائے۔ عصر کی نماز کے بعد پانچ دفعہ پڑھنے سے خدا کی محبت زیادہ ہوتی ہے سفر میں پڑھے سب آفتوں سے محفوظ رہے۔

(۱۴۹) فالنامہ عجیب

یہ فالنامہ تمام فالناموں سے معتبر اور مستند ہے۔ یہ فالنامہ قرآن شریف کا ہے۔ ترکیب یوں ہے کہ اگر کسی معاملے کے متعلق نیکی یا بدی کا حال معلوم کرنا مطلوب ہو تو بصدق دل اور طہارت قلب وزبان اور جسم کے ساتھ باوضو ہو کر پہلے درگاہ الٰہی میں توبہ استغفار کرے پھر اپنی خاکساری اور کم علمی کا اظہار کر کے پانچ بار درود شریف پڑھے پھر معہ بسم اللہ سورہ فاتحہ ایکبار سورہ اخلاص تین بار اور یہ دعا ایک بار پڑھ کر پانچ مرتبہ درود شریف پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ تَوَكَّلْتُ عَلَيْكَ وَتَفَاءَلْتُ بِكِتَابِكَ فَاَرِنِيْ مَا هُوَ الْمَكْنُوْنُ فِيْ سِرِّكَ الْمَكْنُوْنِ فِيْ غَيْبِكَ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ

اَلْحَقِّ اَنْزِلْ عَلَے الْحَقِّ بِحَقِّ مُحَمَّدِ نِ الْحَقِّ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ
اس کے بعد پانچ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اپنی نیت کا دل میں دھیان کر کے
تین مرتبہ کہے۔ سُبْحَانَكَ لَا عِلْمَ لَنَا اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا اِنَّكَ اَنْتَ الْعَلِيْمُ
الْحَكِيْمُ ؕ اس کے بعد اگر دن کا پہلا حصّہ گزر رہا ہے تو پہلے دس سیپاروں
میں سے کسی جگہ سے قرآن کریم کھولیں۔ اگر دن کا درمیانی حصہ گزر رہا ہے۔
تو درمیانی دس سیپاروں میں سے کھولیں اگر دن کا آخری حصّہ گزر رہا ہے
تو آخری دس سیپاروں میں سے کسی جگہ سے قرآن حکیم کھولیں۔ اسی طرح
رات کو بھی تین حصّوں میں تقسیم کر کے جس حصّے میں فال دیکھو۔ قرآن کریم کھولو
اور بائیں طرف سے سات ورق گن کر پلٹ دیں۔ ساتویں ورق کی پہلی چھ سطریں
چھوڑ کر ساتویں سطر کے حرف اول کو دیکھے۔ جو حرف سب سے پہلے ہو اس کو
مندرجہ ذیل تفصیل میں ڈھونڈیں۔ انشاء اللہ جواب باصواب ملیگا۔ اس کے
مطابق عمل کریں۔ انشاء اللہ فلاح کا منہ دیکھیں گے۔ جوابات یہ ہیں۔

الف:۔ اگر پہلا حرف الف ہے تو فال یہ ہے۔ اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ
تَبَارَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعَالَمِيْنَ ؕ ہر طرح سے مبارک اور نیک فال ہے۔ مدعا
پورا ہوگا۔ جو کام کرنا چاہتے ہو کرو۔ کامیابی یقینی ہے۔ سب کام درست ہیں
مقصد میں کامیابی کی دلیل ہے۔

ب۔ اگر پہلا حرف ب ہے تو فال بَرَآءَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ جو کہ شادمانی
و خوشخبری ہے۔ یہ فال دلالت کرتی ہے مقصد کی کامیابی پر۔

ت۔ اگر حرف ت برآمد ہوگا تو فال تَبَارَكَ الَّذِيْ بِيَدِهِ الْمُلْكُ وَهُوَ عَلٰے

مِّنْ شَيْئٍ فِيْهِ يُوْرٍ سمجھو یہ اس امر پر دلالت ہے کہ صاحب فال کسی خطرے یا مصیبت میں مبتلا ہونے والا تھا۔ مگر اللہ تعالیٰ نے اس پر رحم کر دیا۔ یا کر دیا جائے گا۔ حسب توفیق خیرات کر دو۔ کل غم دور ہو جائیں گے اور شادکامی نصیب ہو گی۔

ث۔ اگر حرف ث برآمد ہو تو دلیل ہے۔ ثِيَابُ سُنْدُسٍ خُضْرٌ وَاسْتَبْرَقٌ وَحُلُّوْا اَسَاوِرَ مِنْ فِضَّةٍ وَسَقٰهُمْ رَبُّهُمْ شَرَابًا طَهُوْرًا۔ کامیابی اور خیر و برکت کی نشانی ہے۔ مطلب حسب دل خواہ پورا ہو گا۔

ج۔ اگر جیم ج کا حرف برآمد ہو تو جَزَاهُمْ بِمَا صَبَرُوْا جَنَّةً وَّحَرِيْرًا اسے تعلق ہے۔ چند روز تک صبر و توقف ضروری ہے صدقہ دے دعا اور نماز میں مشغول ہو ان شاء اللہ انجام اچھا ہو گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

ح۔ اگر ح کا حرف پہلے ہو گا تو حٰمٓ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ۔ بشارت ہے صاحب فال کو ہر قسم کی فارغ البالی بہبودی اور کامرانی کی۔

خ۔ اگر حرف خ برآمد ہو گا۔ تو خُذُوْهُ فَغُلُّوْهُ ثُمَّ الْجَحِيْمَ صَلُّوْهُ اسے صاحب فال جو ارادہ تو رکھتا ہے۔ پورا نہیں ہو گا۔ اس کام سے باز رہنا تمہارے حق میں مفید نہیں ہے۔ اگر ملتوی رہے گا اور اپنا بھید کسی سے نہ کہے گا۔ تو اللہ تعالیٰ رحم کرے گا۔

د- اگر حرف دال (د) برآمد ہوگا تو دَعَوُا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ کی فال ہے جو ہر قسم کی بشارت اور کامرانی کی دلیل ہے۔

ذ- حرف ذال کا برآمد ہونا دلیل ہے ذٰلِكَ مَثَلُهُمْ فِي التَّوْرٰىةِ وَ مَثَلُهُمْ فِي الْاِنْجِيْلِ۔ اے صاحب فال نحوست اور ادبار کے دن گزر گئے سب شادمانی و کامرانی کا زمانہ ہے۔ انشاء اللہ اپنی مراد کو پہنچے گا۔

ر- حرف را کی فال آیت کریمہ رَبَّنَا ظَلَمْنَا اَنْفُسَنَا وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا سے تعلق رکھتی ہے۔ جو دلالت کرتی ہے کہ صاحب فال اپنے نفس پر ظلم کر رہا ہے۔ لازم ہے کہ سب کام اور مقاصد خدا کے سپرد کر دیئے جائیں۔ تاکہ تکلیف سے دوچار نہ ہونا پڑے۔ صدقہ بھی کرنا ضروری ہے۔ کیونکہ صدقہ کرنے سے مصیبتیں دور ہو جاتی ہیں۔

ز- زُيِّنَ لِلنَّاسِ حُبُّ الشَّهَوٰتِ مِنَ النِّسَآءِ کی آیت سے یہ تعلق ہے صاحب فال کے لئے ضروری ہے کہ وہ اس ارادے سے باز آ جائے گناہوں سے توبہ کرے۔ صدقہ دے اور ظلم کرنا چھوڑ دے تاکہ اللہ تعالیٰ تجھ پر رحم کرے۔

س- سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ طِبْتُمْ فَادْخُلُوْهَا خٰلِدِيْنَ۔ بشارت ہے۔ ہر طرح کی کامیابی اور شادمانی کی۔ سب مطلب پورے ہوں گے۔

ش- شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِيْٓ اُنْزِلَ فِيْهِ الْقُرْاٰنُ کی آیت سے اس فال کا تعلق ہے جو ہر طرح کی کامیابی کی دلیل ہے۔ مراد پوری ہوگی۔

